ساغر اقبالی

زبان میری ہے بات اُن کی

☆ پاکستان میں امریکی فوج کی تعیناتی کے لیے مذاکرات نہیں کیے جا رہے۔ (ٹومی فرینکس)

کہ یہاں تو پہلے ہی ہماری اپنی حکومت ہے۔

☆ ناکوں اور تھانوں میں پولیس، شہریوں سے گفتگو کا آغاز ''السلام علیکم'' سے کرے۔ (ڈی پی او)

اور پھر چاہے تربیت کے مطابق ماں بہن ایک کر دے۔

☆ ہم بے ادب ہو گئے ہیں۔ (نثار میمن)

اسی لیے بے ڈھب ہو گئے ہیں۔

☆ بے نظیر کے کاغذات مسترد...... جیالے سڑکوں پر آ گئے۔ (ایک خبر)

ہے جمالو............ اسی بسر اج مٹی پاواں گے............ ہے جمالو!

☆ عابدہ اور فیصل صالح کی، ریٹرننگ آفیسر کے سامنے تلخ کلامی۔ (ایک خبر)

دنیا مردار ہے اور اس پہ جھگڑنے والے کتے۔

☆ رقاصہ ہوں مگر فحش ڈانس نہیں کرتی۔ (رینا صدیقی)

ناچتی ہوں مگر پاؤں نہیں ہلاتی۔

☆ جنرل پرویز مشرف، خواتین کو، جہادی مُلا سے بچا کر آزادی دینا چاہتے ہیں۔ (رانا اعجاز)

کھلا ای کھاؤ............ ننگے ای نہاؤ!

☆ اس بار وڈیروں کے بیٹوں اور اُن کی بیگمات کی اسمبلی وجود میں آئے گی۔ (میاں رفیق)

الیکشن ۲۰۰۲ء کا نیا البم!

☆ شرعی قوانین کا معاملہ آنے والی پارلیمنٹ پر چھوڑ دیا۔ (پرویز مشرف)

''کہ یہ کوئی ضروری معاملہ نہیں''

☆ مجاہدین امریکی پیداوار ہیں۔ (نثار میمن)

جہادیوں سے خطرہ نہیں۔ (راشد قریشی)

پاکستان کو جہاد کی ضرورت نہیں۔ مجاہد یہاں سے چلے جائیں۔ (معین حیدر)

☆ پی آئی اے کا کپتان شاہد، ائیر ہوسٹس کو بنکر میں لے گیا، دوران پرواز زیادتی۔ (ایک خبر)

بے شرم! جہاز کو لینڈ تو ہو لینے دیتا!

☆ فیصل مختار اور مفتی عبدالقوی، پرویز الٰہی سے ملاقات کے لیے لاہور روانہ۔ (ایک خبر)

چلوتم ادھر کو، ہوا ہو جدھر کی

☆ پاکستانی تعاون کے باوجود، امریکی جھکاؤ، بھارت کی طرف ہے اور رہے گا۔ (فرانس فرینکل)

پُو پو! ہور پُو پو گئے!

☆ گیارہ ستمبر کے بعد، عورتوں اور غیر مسلموں کے خلاف چند ظالمانہ روایات ختم کرنے میں مشرف حکومت کو جرأت ملی۔ (نجم سیٹھی)

خدا اور رسول کی تعلیمات کو ''ظالمانہ روایات'' کا نام دینے والوں پر لعنت بے شمار.......... بکار ثواب!

''میں جو بات کروں گا، آپ کے سامنے کروں گا ......سادہ کروں گا......صاف کروں گا......ستھری کروں گا......بے عیب کروں گا......سمجھانے کی کوشش کروں گا......افہام کے ساتھ کروں گا......تفہیم کے ساتھ کروں گا......بولتی ہوئی کروں گا......چلتی ہوئی کروں گا......کردار کے ساتھ کروں گا......گفتار کے ساتھ کروں......خیال کے ساتھ کروں گا......فکر کے ساتھ کروں گا......نظر کے ساتھ کروں گا ......استدلال کے ساتھ کروں گا......اور پھر آپ پر یہ فیصلہ چھوڑ دوں گا کہ میری بات میں کوئی سچائی ہے کہ نہیں ہے''۔

ایسی ہی گنگا جمنی زبان میں، آغا شورش کاشمیریؒ کی بارہ ولولہ انگیز تقاریر کا مجموعہ

خطباتِ شورش

ترتیب وتدوین: شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی

عنقریب منصۂ شہود پر آ رہا ہے۔ خوبصورت گیٹ اپ، ضخامت: 336 صفحات **(زیر طبع)**

مکتبہ احرار۔ 69/C۔ حسین سٹریٹ، وحدت روڈ، نیو مسلم ٹاؤن، لاہور